## طیارے کے المناک حادثہ کی جلد از جلد اعلیٰ سطحی تحقیقات کرواکراس سے قوم کو آگاہ کیا جائے۔الطاف حسین

## قومی ایئرلائن کی کارکردگی پہلے ہی ناقص ہورہی ہے اورنجی ایئر لائنوں کے حادثات نے سول ایوی ایشن کی کارکردگی کے بارے میں بہت بڑا سوالیہ نشان پیدا کردیا ہے

## بھوجا ایئر کے حادثے کی ہر پہلو سے اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے،جو بھی اسکے ذمہ دار ہوں انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے،

## نجی ایئر لائنوں پر ایوی ایشن قوانین کا مکمل اطلاق کرایا جائے،سول ایوی ایشن کی کارکردگی کو بھی بہتر بنایا جائے

## ایم کیوایم دکھ اور صدمہ کی اس گھڑی میں المناک سانحہ میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین کے ساتھ ہے۔الطاف حسین

لندن:۔۔۔21اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا ہے کہ بھوجا ایئر لائن کے طیارے کے المناک حادثہ کی جلد از جلد اعلیٰ سطحی تحقیقات کرواکراس سے قوم کو آگاہ کیا جائے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بھوجا ایئر لائن کا حادثہ ایک قومی سانحہ ہے جس میں 127 قیمتی جانیں گئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ قومی ایئرلائن کی کارکردگی پہلے ہی ناقص ہورہی ہے اورنجی ایئرلائنوں میں بھی بلیوایئرلائن کے بڑے حادثے کے بعد بھوجا ایئرلائن کے اس المناک سانحہ نے قومی سول ایوی ایشن کی کارکردگی کے بارے میں بہت بڑا سوالیہ نشان پیدا کردیا ہے اورقوم کے ذہنوں میں اس حادثہ کے اسباب کے بارے میں طرح طرح کے سوالات جنم لے رہے ہیں۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ یہ انتہائی اہم قومی معاملہ ہے لہٰذا اس المناک سانحہ کی ہر پہلو سے اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائے،جو بھی اس کے ذمہ دار ہوں انہیں سخت سے سخت سزا دی جائے،نجی ایئرلائنوں پر ایوی ایشن قوانین کا مکمل اطلاق کرایا جائے اوراس میں کسی بھی قسم کی کوتاہی برداشت نہ کی جائے۔اسکے ساتھ ساتھ سول ایوی ایشن کی کارکردگی کو بھی بہتر بنایا جائے۔جناب الطاف حسین نے ایک بار پھر اس المناک سانحہ میں جاں بحق ہونے والے تمام افراد کے لواحقین سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم دکھ اور صدمہ کی اس گھڑی میں ان کے ساتھ ہے اورہم دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ جاں بحق ہونے والے تمام افراد کو اپنی جوار رحمت میں جگہ دے اورتمام سوگواروں کو صبر جمیل عطا کرے۔

## طیارہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے غمزدہ لواحقین کو لاحق پریشانیوں اورمشکلات پر جناب الطاف حسین کا اظہار تشویش

## لواحقین کو اپنے پیاروں کی شناخت،میتوں کو آبائی گھروں تک لے جانے کیلئے خصوصی اقدامات کئے جائیں اورغمزدہ لواحقین کو ٹرانسپورٹ کے علاوہ معلومات کیلئے کاؤنٹر اورمیڈیکل سمیت تمام سہولیات فراہم کی جائیں،صدراوروزیراعظم سے مطالبہ

لندن:۔۔۔21،اپریل2012ء

ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے گزشتہ روز چکلالہ ایئربیس کے قریب نجی فضائی کمپنی کے طیارے کے گرنے کے حادثے میں جاں بحق ہونے والے مسافروں کے لواحقین کو لاحق پریشانیوں اورمشکلات پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ نجی فضائی کمپنی کے حادثے میں جاں بحق ہونے والوں کے لواحقین غم سے نڈھال ہونے کے ساتھ ساتھ سہولیات کی عدم فراہمی اور رہنمائی کے عمل سے محروم ہیں جس کے باعث غمزدہ لواحقین کی ذہنی وجسمانی کیفیت بیان سے باہر ہے۔جناب الطاف حسین نے صدرمملکت آصف علی زرداری اوروزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ طیارہ حادثے میں جاں بحق ہونے والے افراد کے غمزدہ لواحقین کو اپنے پیاروں کی شناخت،میتیں ایئرپورٹ سے آبائی گھروں تک لیجانے کیلئے خصوصی اقدامات فی الفور بروئے کار لائے جائیں اورانہیں ٹرانسپورٹ کے علاوہ معلومات کیلئے کاؤنٹر اورمیڈیکل سمیت تمام سہولیات فراہم کی جائیں۔

## سینئر صحافی، کالم نگار، تجزیہ نگار اور دانشور نذیر ناجی کو انکی صحافتی اور قلمی خدمات کے اعتراف میں ہلال امتیاز سے نوازے جانے پر ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی مبارکباد

## نذیر ناجی ملک کے ایک سینئر اور بزرگ صحافی ہیں جن کی صحافتی اور قلمی خدمات کا دائرہ کئی دہائیوں پر مشتمل ہے۔ الطاف حسین

## نذیر ناجی آج بھی اپنی تحریروں، تبصروں اور تجزیوں کے ذریعے مسلسل قوم کی رہنمائی کررہے ہیں۔ الطاف حسین

لندن:۔۔۔21اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے صدر پاکستان کی جانب سے سینئر صحافی، کالم نگار، سینئر تجزیہ نگار اور دانشور نذیر ناجی کو انکی صحافتی اور قلمی خدمات کے اعتراف کے طور پر ہلال امتیاز سے نوازے جانے پر انہیں دل کی گہرائیوں سے زبردست مبارکباد پیش کی ہے۔ اپنے بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ نذیر ناجی ملک کے ایک سینئر اور بزرگ صحافی ہیں جن کی صحافتی اور قلمی خدمات کا دائرہ کئی دہائیوں پر مشتمل ہے اور آج بھی وہ اپنی تحریروں، تبصروں اور تجزیوں کے ذریعے مسلسل قوم کی رہنمائی کررہے ہیں جس کا اعتراف قابل تحسین ہے۔ جناب الطاف حسین نے ہلال امتیاز سے نوازے جانے پر نذیر ناجی کو مبارکباد پیش کی اور ان کیلئے نیک جذبات کا اظہار کیا۔

## مقامی ٹی وی چینل کے رپورٹر ملک منور کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔21،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے مقامی ٹی وی چینل کے رپورٹر ملک منور کے والد ملک عاشق حسین کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد حصول اقتدار نہیں بلکہ ملک میں غریبوں کی حکمرانی قائم کرنا ہے، انچارج واراکین کمیٹی

## بلدیہ ٹاؤن میں ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے زیراہتمام جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال

کراچی:۔۔۔21/اپریل2012ء

ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج شکیل عباسی نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی جدوجہد کا مقصد حصول اقتدار نہیں بلکہ ملک کے اقتدار اور وسائل پر غریب ومتوسط طبقے کی بالادستی قائم کرنا ہے۔ یہ بات انہوں نے بلدیہ ٹاؤن میں ہزارہ آرگنائزنگ کمیٹی کے کارکنان کے جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں بلدیہ ٹاؤن سیکٹر کے ذمہ داران وکارکنان نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پاکستان کی مظلوم ومحکوم طبقہ کی واحد جماعت ہے جو ملک میں رائج فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمے کیلئے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ ملک پر غریبوں کی حکمرانی قائم کی جائے تاکہ غریب ومتوسط طبقے سے تعلق رکھنے والے عوام اپنے مسائل خود حل کرسکیں اور اگر ملک کی تقدیر کو بدلنا ہے تو پڑھے لکھے باشعور اور باصلاحیت نوجوانوں کو متحد ومنظم ہوکر جناب الطاف حسین کا ساتھ دینا ہوگا۔ انہوں نے کارکنان کو مخاطب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیو ایم کے خلاف سازشوں کو ختم کرنے کیلئے جناب الطاف حسین کے پیغام کو گھر گھر پھیلائیں۔ اجلاس سے جوائنٹ انچارج وقار حسین شاہ، رکن مرکزی کمیٹی شفیق کیانی نے بھی اظہار خیال کیا۔

## صوبہ خیبر پختونخواہ میں ایم کیو ایم کے ڈیرہ اسماعیل خان زون کا افتتاح اتوار کو کیا جائیگا

## افتتاحی تقریب میں سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی کے افراد شرکت کریں گے

ڈیرہ اسماعیل خان۔۔۔21/اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے زیراہتمام اتوار کو خیبر پختونخواہ میں ایم کیو ایم ڈیرہ اسماعیل خان زون آفس کا افتتاح کیا جائیگا۔ زونل آفس کا افتتاح آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست وزیر طاہر کھوکھر کرینگے۔ اس سلسلے میں صوبائی تنظیمی کمیٹی کشمیر، گلگت بلتستان کی جانب 22 اپریل شام 6 بجے پروقار تقریب منعقد کی جائیگی جس میں سیاسی، سماجی، مذہبی شخصیات اور تاجر برادری سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد شرکت کریں گے۔ واضح رہے کہ ڈیرہ اسماعیل خان زون چار ضلعوں پر مشتمل ہے جس میں کرک، ٹانک، بنّوں اور لکی مروّت شامل ہیں۔

## بھوجا ائیر لائن کے طیارے میں جاں بحق ہونیوالوں کی تدفین میں ایم کیو ایم کے عوامی نمائندوں کی شرکت

## جاں بحق افراد میں ایم کیو ایم کے کارکنان کے عزیز و اقارب اور ایم کیو ایم کے ہمدرد بھی شامل ہیں

کراچی۔۔۔21/اپریل2012ء

جمعہ کو اسلام آباد میں گر کر تباہ ہونے والے طیارہ میں جاں بحق ہونیوالوں میں ایم کیو ایم کے کارکنان کے اہلخانہ اور ہمدرد بھی شامل ہیں جن کی میتیں ہفتہ کی صبح کراچی پہنچنے کے بعد ان کی تدفین کراچی کے مختلف قبرستانوں میں کر دی گئی ان کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست عوامی نمائندوں اور ایم کیو ایم کے ذمہ داران نے شرکت کی۔تفصیلات کے مطابق مکان نمبر B-295 بلاک L نارتھ ناظم آباد کے رہائشی اور ایم کیو ایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ 173 کے کارکن عمران راؤ کے بھائی عرفان راؤ ولد محمد ادریس راؤ کو محمد شاہ قبرستان، مکان نمبر A-238 رفاع عام سوسائٹی ،ملیر ہالٹ کی رہائشی اور شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن خالد کی والدہ تسنیم بیگم زوجہ عبدالسلام کو ائیر پورٹ قبرستان، مکان نمبر 1-2/25 کے رہائشی اور ملیر سیکٹر یونٹ 100 کے کارکن آصف بیگ کے چچا چاند بابو ولد رجب علی خان کو ماڈل کالونی قبرستان اسی طرح بفرزون کے رہائشی ایم کیو ایم کے ہمدرد عمران وحید ولد عبدالوحید کو سخی حسن قبرستان اور گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-66 کے رہائشی ایم کیو ایم کے ہمدرد رضا علی خان ولد مظفر علی خان کی تدفین وادی حسین قبرستان سپر ہائی وے میں کی گئی۔ایم کیو ایم کے کارکنوں کے اہلخانہ اور ہمدردوں کی تدفین اور نماز جنازہ میں حق پرست اراکین اسمبلی نشاط ضیا، محمد وسیم، امام الدین شہزاد، عبدالمعید ،سیکٹرز و یونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحومین کے عزیز و اقارب کے علاوہ عوام نے بہت بڑی تعداد میں شرکت کی۔

☆☆☆☆☆